4

Urdu

محکمہ اطفائیہ، نیو یارک شہر

آگ سے بچنے کی تعلیم

باورچی خانہ میں کھانا پکانا
آگ سے حفاظت

گھریلو پکوان تیار کرنا گھروں میں آگ لگنے اور آگ سے نقصان پہنچنے کا ایک بڑا سبب ہے۔ بلا نگرانی پکانا ان میں سے 33 % حادثات کا ذمہ دار ہے۔ دوسرے اہم اسباب آتش گیر اشیاء کا آتشدان کے قریب رکھنا اور بجلی کے مختلف نقائص ہیں۔

بلا نگرانی کھانا پکانے سے کئی مواقع پر آگ لگ جاتی۔ سب سے عام یہ ہے کہ جب پکانے والے کی توجہ ہٹ جاتی ہے اور وہ کچن سے نکل جاتا ہے۔ بے دھیانی کی سب سے زیادہ عام وجوہات بچوں کی طرف توجہ کرنا، ٹیلیفون کا جواب دینا، ٹیلیوژن دیکھنا اور دروازے کی گھنٹی کا جواب دینا ہیں۔

کڑاہی میں آگ بجھانے کے لیے ڈھکن یا بیکنگ سوڈا استعمال کریں۔



پکانے کے دوران آگ کا خطرہ انتہائی کم کرنے کے لیے اس حفاظتی نسخہ پر عمل کریں:

کھانا پکانے کےدوران:

- باورچی خانہ میں موجود رہیں، پکتے ہوئے کھانے کو بلا نگرانی نہ چھوڑیں، (اپنی کڑاہی کا خیال رکھیں!)
- چھوٹی یا تنگ آستین پہن لیں۔ (لمبی آستینوں میں آگ پکڑنے یا برتن کے دستوں میں پھنس جانے کا امکان زیادہ پایا جاتا ہے۔)
- توجہ ہٹنے نہ دیں۔
- چولھے کے گرد 3 فٹ بچوں کے لئے ممنوعہ حلقہ مقرر کریں۔ برتنوں کے دستے اندر دیوار کی طرف کریں تاکہ الٹ جانے یا گر جانے کا خطرہ نہ رہے۔
- چولھے کے ارد گرد تولیہ،کاغذات، برتن پکڑنے کی چیزیں، یا اور کوئی آگ پکڑنے والی چیز نہ رکھیں۔
- درجہ حرارت تیز کرنے کی بجاۓ تجویز کی گئی حدوں میں پکائیں
- پکانے کے سامان کو باقاعدہ صاف کرتے رہیں تاکہ ان پر پکوان کے مواد، غذائی اشیاء یا چربی لگی نہ رہے۔
- کڑاہی کی آگ کو قابو کرنے کے لیے ڈھکن تیار رکھیں۔ **برتن یا کڑاہی کو اٹھانے کی کوشش نہ کریں۔** گرمی بند کردیں اور آگ پر ڈھکن ڈال دیں۔
- پانی استعمال نہ کریں۔ اس سے چھینٹے اٹھیں گے اور آگ پھیل جائے گی۔

آگ سے حفاظت گھر سے شروع ہوتی ہے

- ✓ دھوئیں کے ڈیٹیکٹر نصب کریں
- ✓ گھر سے بچ نکلنے کا منصوبہ بنا رکھیں
- ✓ گھر کی حفاظت کا معائنہ کریں

آگ بجھانے کے محکمہ کو اطلاع دینے کے لیے

قریب ترین فائر الارم بکس استعمال کریں یا 911 ڈائل کریں

یاد رکھیں:

پیشگی منصوبہ بندی سے آپ آگ سے محفوظ رہنے کے لیے بہت کچھ کر سکتے ہیں۔ لیکن جب آپ کے گھر میں آگ لگنا شروع ہوجائے تو صرف تین کام کرنے ہیں۔ پہلے باہر نکل آئیں، اپنے پیچھے دروازہ بند کردیں، اور پھر ہمسایہ کے گھر سے 911 کو فون کریں۔ کسی بھی حالت میں جلتی ہوئی عمارت میں داخل نہ ہوں۔ اگر آپ کے خیال میں کوئی اندر پھنس گیا ہے تو آگ بجھانے کا عملہ آجانے پر ان کو بتادیں۔

FIRE DEPARTMENT
CITY OF NEW YORK
9 METROTECH CENTER
BROOKLYN, NEW YORK 11201-3857

Issued By
FDNY FIRE SAFETY EDUCATION UNIT &
FDNY OFFICE OF PUBLIC INFORMATION
www.nyc.gov/fdny
www.fdnyfoundation.org